**21.09.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

……………………………….

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نئے دور کی GST اصلاحات، کل سے لاگو ہو رہی ہیں، جن سے ملک کی ترقی کی داستان میں تبدیلی آجائے گی اور سماج کے سبھی طبقوں کو بڑے پیمانے پر فائدہ ہوگا۔

☆ وزیر اعظم نے قوم سے اپنے خطاب میں ریاستی سرکاروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ ایک خود کفیل بھارت کے خواب کو پورا کرنے کیلئے اپنے خطوں میں مینوفیکچرنگ کو فروغ دیں۔

☆ برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا نے مملکتِ فلسطین کو باقاعدہ تسلیم کرلیا ہے۔

☆ افغانستان نے، بگرام ہوائی اڈّے پر دوبارہ قبضہ کرنے کی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی کو مسترد کردیا ہے، اُس نے ملک میں کسی بھی فوجی موجودگی کی مزاحمت کا عزم ہے۔

☆ اور ایشیا کپ کرکٹ میں، بھارت نے دوبئی میں، سُپرفور کے ایک دلچسپ میچ میں ٹاس جیتا اور پاکستان کے خلاف گیند بازی کا فیصلہ کیا۔

……………………………….

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Address**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ اگلے دور کی GST اصلاحات پر، نوراتری کے پہلے دن کل سے عملدرآمد شروع ہوجائے گا۔ آج شام قوم سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ 'GST بچت اُتسوٗ' کل سے شروع ہوجائے گا اور لوگ اپنی پسند کی چیزیں کم قیمتوں پر خرید سکتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کی ترقی کی داستان میں، اِن اصلاحات سے تبدیلی آجائے گی اور نوجوان، نئے اوسط طبقے، کسانوں، خواتین، دوکانداروں، تاجروں اور کاروباریوں کو اِس بچت اُتسو سے کافی زیادہ فائدہ ہوگا۔

S/B 2100 Final PM Navratri GST

وزیر اعظم نے کہا کہ شہری اور تاجر کئی دہائی سے ٹیکسوں کے پیچیدہ جال میں پھنسے ہوئے تھے۔ اِن ٹیکسوں میں چنگی، داخلہ ٹیکس، سیلز ٹیکس، ایکسائز، ویٹ اور سروس ٹیکس بھی شامل تھے۔ انھوں نے اشارہ دیا کہ اشیا کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانے کیلئے کئی چیک پوائنٹس سے گزرنا ہوتا تھا، بہت سے فارم بھرنے ہوتے تھے اور ہر

مقام پر مختلف ٹیکس اصولوں سے واقف ہونا پڑتا تھا۔ انھوں نے اشارہ دیا کہ اُن کی حکومت نے 2014میں اپنے اقتدار میں آنے کے بعد ریاستوں اور متعلقہ فریقوں سے مشورہ کرکے GST کو ترجیح دی۔ انھوں نے کہا کہ مرکز اور ریاستوں کی کوششوں سے درجنوں ٹیکس ختم کردیئے گئے۔ جناب مودی نے خاص طور پر کہا کہ اِس نئے نظام کے تحت صرف پانچ فیصد اور 18فیصد ٹیکس زمرے، باقی رہ جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ ایک ملک–ایک ٹیکس کا خواب پورا ہوگیا ہے۔

S/B 2100 PM on 5% Slab

وزیر اعظم نے خوشی کا اظہار کیا کہ پچھلے 11سال میں 25 کروڑ لوگ غریبی سے باہر آئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس سال حکومت نے 12لاکھ روپئے تک کی آمدنی کو ٹیکس سے مستثنیٰ کرکے، ٹیکس راحت دی ہے، جس کی وجہ سے نئے اوسط طبقے کو خاطر خواہ سہولت فراہم ہوئی ہے۔

S/B 1945 PM Neo Middle Class

جناب مودی نے GST اصلاحات کے تئیں دوکانداروں کے ردِّعمل پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ GST کٹوتی کے فائدوں کو صارفین تک پہنچانے کیلئے سرگرم رہیں۔ وزیر اعظم نے خاص طور پر کہا کہ بہت سی جگہوں پر، اصلاح سے پہلے اور اِس کے بعد کی قیمتیں، بورڈ پر ظاہر کردی گئی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت 'ناگرِک دیوو بھوہ' کے منتر کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ انھوں نے، بھارت میں مصنوعات سازی کیلئے بھی ایک بڑا قدم اٹھایا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی مصنوعات سازی کو، وقار اور مہارت کے سبھی معیارات سے آگے بڑھ جانا چاہئے اور بھارتی مصنوعات کی کوالٹی کو، ملک کی عالمی شناخت اور ساکھ میں اضافہ کرنا چاہئے۔

S/B 2100 PM Swadeshi Symbol

وزیر اعظم مودی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ جب مرکز اور ریاستیں، مل کر قدم بڑھا رہی ہیں تو ایک خود کفیل بھارت کا خواب پورا ہوگا۔x

**Vaishnaw GST**

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے GST میں اہم اصلاحات کرکے ایک تاریخی فیصلہ کیا ہے۔ GST اصلاحات پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِن اصلاحات سے متوسط طبقے، غریب اور کم آمدنی والے کنبوں اور ملک کے 140 کروڑ لوگوں کو بڑی راحت ملے گی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ باورچی خانے کی چیزوں سے لے کر کاروں تک کے روزانہ استعمال کی تقریباً 99فیصد اشیاء کی قیمتیں کم ہوجائیں گی۔ x

**Seva Parv**

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی

روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں ہم اِس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ کیسے مودی حکومت نے کسانوں کیلئے معاشی یقین دہانی کو مستحکم بنایا ہے۔

Capsule

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بہت سی اصلاحات کی وجہ سے کاشتکاروں کی ہمت افزائی ہوئی ہے۔ اِن لوگوں کی آمدنی، پہلے بہت کم تھی لیکن اب ان کی خوشحالی یقینی ہوگئی ہے، جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا

S/B PM

حکومت کا یہ عزم بجٹ میں مختص کی ہوئی رقم میں خاطرخواہ اضافے سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہ رقم 2013-14 کے بجٹ میں محض 27ہزار کروڑ روپئے سے کچھ ہی زیادہ تھی لیکن آج یہ رقم ایک لاکھ 37ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔ پی ایم کسان اسکیم کے ذریعے 11 کروڑ سے زیادہ کسانوں کو براہِ راست آمدنی میں مدد ملی ہے۔

کسان کریڈٹ کارڈز کے سبب مالی بااختیاری کو استحکام حاصل ہوا ہے اور پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا سے موسم اور مارکیٹ کے غیریقینی حالات کے پیش نظر ایک حفاظتی طریق کار فراہم ہوا ہے۔

نیوز ڈیسک سے اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## UK Canada Aurtral Palestine State

برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا نے ایک اہم قدم کے طور پر، فلسطین کی مملکت کو باقاعدہ طور پر تسلیم کرلیا ہے۔ برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے ایک ویڈیو بیان میں اعلان کیا ہے کہ برطانیہ، فلسطین کی مملکت کو باقاعدہ طور پر تسلیم کر رہا ہے۔ انھوں نے اِسے امن اور ایک دو ریاستی حل کی امید کو جلا دینے کی جانب ایک قدم قرار دیا ہے۔ سب سے پہلے کینیڈا نے آج دن کے آغاز میں یہ سفارتی قدم اٹھایا تھا۔ وہ جی– 7میں شامل ایسا پہلا ملک ہے جس نے فلسطین کی مملکت کو باقاعدہ طور پر تسلیم کیا ہے۔ وزیراعظم مارک کرنی نے یہ کہتے ہوئے، امن کے تئیں اپنے ملک کے عزم کو زور دیتے ہوئے دوہرایا ہے کہ کینیڈا، فلسطین اور اسرائیل دونوں کے، ایک پُرامن مستقبل کی تعمیر کیلئے اپنی شراکت داری کی پیش کرتاہے۔کینیڈا کے افسران نے کہا کہ تشدد کو فلسطینی اتھارٹی کی طرف سے مسترد کئے جانے اور پُرامن بقائے باہمی کیلئے اُس کی حمایت، اِس فیصلے کا اصل عنصر ہے۔

اِس کے فوراً بعد، آسٹریلیا نے فلسطینی مملکت کو تسلیم کیا۔ وزیر اعظم اینتھنی البنیز اور وزیر خارجہ Penny Wong نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا جس میں فلسطین کو ایک آزاد اور خودمختار مملکت کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔امید ہے کہ فرانس، اقوام متحدہ کی آئندہ جنرل اسمبلی میں فلسطینی مملکت کو تسلیم کرنے کی لہر میں شامل ہوجائے گا۔ بلجیم اور دیگر ملکوں کی طرف سے بھی اِس مملکت کو تسلیم کئے جانے کی امید ہے۔x

## Afghan US

افغان حکام نے Bagram فضائی اڈّے پر دوبارہ قبضہ کرنے کی امریکی دھمکیوں کو فوری طور پر مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ ایک غیر ملکی فوجی ٹھکانہ دوبارہ قائم کرنے کی کسی بھی کوششوں کی زبردست مزاحمت کی جائے

گی۔ افغانستان کے وزیر دفاع محمد یعقوب مجاہد نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر امریکہ، ملک چھوڑنا نہیں چاہتا اور مزید اور اڈّے چاہتا ہے تو اُسے مزید 20برس تک لڑنے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ افغانستان کا یہ بیان، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے افغانستان کو جاری اُس سخت وارننگ کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں باگرام فضائی اڈہ، امریکہ کو واپس کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ x

## India US Cooperation

بھارت اور امریکہ کا ارادہ ہے کہ وہ دفاع میں کام آنے والے طب اور دفاعی تعاون کو مل کر فروغ دیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دفاع کی وزارت نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل اور سرجن وائس ایڈمرل آرتی سَرین کی قیادت میں بھارتی مسلح فوجوں کے طبی خدمات کے افسران کے ایک وفد نے ہوائی کے شہر ہونولولو میں، امریکی مسلح فوجوں کے طبی مرکزوں کا مطالعاتی دورہ کیا۔ اِس دورے میں اِس ٹیم نے عملے کی سطح کی بات چیت کی اور فوجی، بحری اور ہوا بازی کے شعبے میں طب کے بہترین طور طریقوں سے ایک دوسرے کو آگاہ کیا نیز بھارت اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ مشقوں میں طبی شرکت میں اضافہ کرنے کے طور طریقوں کی دریافت کی۔ اِس دورے سے دفاعی طبی تعاون اور دفاعی شراکت داری کو استحکام حاصل ہوا ہے۔x

## PIB Fact Check MIB

حکومت نے، وزارتِ اطلاعات ونشریات کے نام سے جاری کئے گئے ایک نوٹس میں کئے گئے دعووں سے انکار کیا ہے۔ اِس نوٹس میں، ہندی خبروں کے چینلوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی نشریات میں اردو الفاظ کے استعمال سے گریز کریں اور زبان کے ماہرین کا تقرر کریں۔

پریس انفارمیشن بیورو کی، حقائق معلوم کرنے والی شاخ نے اِن دعووں کو گمراہ کن قرار دیا ہے۔ بیورو نے وضاحت کی ہے کہ وزارت نے چینلوں کو ایسی کوئی ہدایت جاری نہیں کی ہے۔

بیورو نے بتایا کہ وزارت نے ناظرین کی یہ شکایت محض متعلقہ چینلوں کو بھیجی تھی۔ یہ شکایت کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورکس کے ضابطوں سے متعلق قانون کی شقوں کے تحت بھیجی گئی تھی۔

حکومت نے شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس طرح کے گمراہ کن دعووں کا کوئی اثر نہ لیں اور تصدیق شدہ معلومات کیلئے محض سرکاری ذرائع پر انحصار کریں۔x

## Solar Eclipse

اِس سال کا آخری سورج گرہن آج ہورہا ہے۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ سورج گرہن رات 10بجکر 59 منٹ پر شروع ہوگا اور یہ آسٹریلیا، انٹارکٹیکا، بحرالکاہل اور دیگر خطوں میں جنوبی نصف کُرے میں دیکھا جاسکے گا، جبکہ بھارت میں یہ نظر نہیں آئے گا۔ یہ جزوی سورج گرہن ہوگا۔ x

## Navratri

نوراتری کا 9روزہ تہوار، کل سے شروع ہو رہا ہے۔سنسکرت میں نوراتری کا مطلب ہے، 9راتیں، جو ماں دُرگا اور اُن کے 9اوتاروں کی پوجا ارچنا کیلئے وقف ہیں۔ ہندو عقیدتمند سال بھر 4نوراتری مناتے ہیں لیکن Shardiya نوراتری اور Chaitra نوراتری، عام طور پر منائے جاتے ہیں کیونکہ یہ موسموں کی تبدیلی سے منسلک ہیں۔بھارت میں نوراتری مختلف طریقوں اور رسم و رواج کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ یہ تہوار، راوَن پر بھگوان رام کی فتح کے دن دَسہرہ کے ساتھ مکمل ہو جاتا ہے۔ اترپردیش میں اہم شکتی پیٹھوں اور مندروں میں عقیدتمندوں کو آسانی فراہم کرنے کیلئے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ .........

VC Om Awasthi

بلرام پور ضلع میں دیوی پاٹن شکتی پیٹھ میں نوراتری میلے کیلئے خصوصی تیاریاں کی گئی ہیں۔ ایک محفوظ اور پُر امن میلے کو یقینی بنانے کیلئے پورے احاطے میں CCTV کیمرے لگائے گئے ہیں۔ Shardiya نوراتری میلہ، مرزا پور ضلع کے مشہور ماں وِندھیاچل شکتی پیٹھ میں آج رات شروع ہوگا۔ اِس موقع پر وِندھیا کوریڈور کو مختلف رنگوں کی روشنیوں اور پھولوں سے سجایا گیا ہے۔عقیدتمندوں کی آسانی کیلئے چار اہم route تیار کیے گئے ہیں اور 12سے زیادہ ٹرینیں، عارضی طور پر وِندھیانچل دھام اسٹیشن پر رکیں گی۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں تنویر الفرید

## Cricket

ڈی پی ورلڈ ایشیا کپ کے سُپر فور کا ایک میچ، بھارت اور پاکستان کے درمیان جاری ہے۔ یہ میچ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔اب سے کچھ دیر پہلے تک پاکستان نے 14اوورز میں 3وکٹ پر 115رن بنا لئے تھے۔اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارتی ٹیم نے اَرش دیپ اور ہرشت رانا کی جگہ جسپریت بُمرا اور ورون چکرورتی کو شامل کیا گیا ہے۔پاکستانی ٹیم میں بھی دو تبدیلیاں کی گئی ہیں۔حسن نواز اور خوشدل شاہ کی جگہ، فہیم اشرف اور حسین طلعت کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں، ست وِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی، آج چین کے شہر Shenzhen میں، چائنا ماسٹرس کے، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں دوسرے نمبر پر رہی۔ چوٹی کے عالمی چمپئنز جنوبی کوریا کے Kim Won Ho اور Seo Seung Jae نے فائنلز میں، بھارتی جوڑی کو اکیس—اُنیس، اکیس—پندرہ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆